1989ء سے مسلسل اشاعت | 5 تا 11 نومبر 2021 | شمارہ نمبر 45 | جلد نمبر 33

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

APP

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

QURAN PAPER
PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER Sinar Tech

SINARSPECTRA
COLOR CUBE

AQNA Brands

FOR BOOKING CONTACT IBM :
UAN: 111-IBM PAK Tel: +92-2132627061-63 Fax: +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com Web: ibmpakistan.com

IBM™

ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Product

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین





کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

BMG
بزنس مین گروپ
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




# SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com


Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

### PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA,
PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE,
PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

### CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



### QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



SINARSPECTRA
COLOR CUBE



### FOR BOOKING CONTACT

IBM ™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

هفت روزہ **پیپر بزنس** کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**

نے پرنٹ عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

یہ شمارہ 26 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی

رابطہ: 021-32632362-0308-2933229

weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

ڈیزائننگ: سمیر انصاری

پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**

سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

A/c-No: 010256027140112960

IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے


# کوٹڈ رائٹنگ پیپر کیس: کسٹم کا اپیلٹ ٹریبونل کا فیصلہ ماننے سے انکار

## دوبارہ دفعہ 81 کے تحت عبوری کلیئرنس کی پیشکش، امپورٹرز کی کسٹم کے خلاف ہائی کورٹس میں درخواستیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے ممبر جوڈیشل I کراچی عبدالجبار قریشی نے 13 اکتوبر 2021 کو میسرز یونس اینڈ سنز کی اپیل منظور کرتے ہوئے کسٹم کے تمام احکامات کو مسترد کرتے ہوئے شوکاز سمیت تمام کارروائی کو کالعدم قرار دے دیا تھا۔ اس فیصلے پر کسٹم نے عملدرآمد سے انکار کر دیا ہے اور مال کلیئر نہیں کیا ہے جس پر امپورٹرز نے انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا کی رہنمائی میں وکلاء کی معرفت کسٹم کو قانونی نکات پر قائل کرنے کی کوشش کی لیکن کسٹم نے اپنی ہٹ دھرمی برقرار رکھتے ہوئے کہا کہ ہمیں قانونی جائزہ کے لئے وقت دیا جائے۔ اس وقت تک امپورٹرز اپنا مال دفعہ 81 کے تحت عبوری طور پر جیسے پہلے کلیئر کرا رہے تھے ویسے ہی کرا لیں۔ امپورٹرز کا کہنا ہے کہ کسٹم کا یہ فیصلہ توہین عدالت ہے۔ اس صورتحال پر امپورٹرز نے کسٹم کے خلاف سندھ ہائی کورٹ میں دو درخواستیں دائر کر دی ہیں جس پر کسٹم کو نوٹس جاری ہو گئے ہیں اور آئندہ ہفتے اس کی سماعت کا امکان ہے۔

# کسٹم انٹیلی جنس کے امپورٹرز کو ایک بار پھر نوٹسز

## پرانے شکایت کنندگان نے نئی شکایتی درخواستیں دائر کر دیں، امپورٹرز کا عدالت میں جواب دینے کا فیصلہ


کراچی (پیپر بزنس نیوز) گزشتہ سال اکتوبر میں جس شکایت کنندہ کی شکایت پر کوٹڈ رائٹنگ پیپر پر چائنا کے ایف ٹی اے کے استعمال کے خلاف کسٹم انٹیلی جنس نے درآمد کنندہ کی انٹریز روکی تھیں، اس سال اکتوبر 2021 میں انہی پرانے شکایت کنندگان کی درخواست پر ڈائریکٹریٹ آف کسٹم انٹیلی جنس نے ایک بار پھر انٹریز روک لی ہیں اور امپورٹرز کو نوٹس جاری کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں امپورٹرز نے انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کے محمد سلیم بیکیا کی رہنمائی میں سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کر لیا ہے اور امپورٹرز نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ مال کی کلیئرنگ کے لئے کسٹم انٹیلی جنس کے پاس نہیں جائیں گے بلکہ ان سے قانونی طور پر نمٹا جائے گا۔ اس لئے ان کے خلاف درخواستیں جمع کرا دی گئیں ہیں جن کی سماعت آئندہ ہفتے متوقع ہے۔

# تاجروں کا وزیراعظم سیکریٹریٹ کے باہر 30 نومبر کو دھرنے کا اعلان

## کرپشن کا خاتمہ چین کی طرح سزائے موت سے ہی ممکن ہے، آل پاکستان انجمن تاجران

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران اور ٹریڈرز ایکشن کمیٹی اسلام آباد نے فیض آباد دھرنے کے بعد 30 نومبر کو وزیراعظم سیکریٹریٹ کے سامنے دھرنا دینے کا اعلان کر دیا ہے اور کہا ہے کہ ملک بھر کے تاجر 30 نومبر 2021 کو وزیراعظم سیکریٹریٹ کے باہر دھرنا دیں گے۔ اس حوالے سے آل پاکستان انجمن تاجران اور ٹریڈرز ایکشن کمیٹی اسلام آباد کے صدر اجمل بلوچ اور سیکریٹری خالد محمود چوہدری نے کہا ہے کہ آل پاکستان انجمن تاجران کے اعلامیہ کے مطابق 30 نومبر کو وزیراعظم سیکریٹریٹ کے باہر ہر حال میں دھرنا دیں گے۔ انھوں نے یہ بھی کہا ہے کہ سیل ٹیکس رجسٹریشن کے قانون کو ختم کیا جائے۔ پوائنٹ آف سیل پر ڈیوائس کسی صورت نہیں لگنے دیں گے کیونکہ پوائنٹ آف سیل پر ڈیوائس اور سیل ٹیکس کی رجسٹریشن انتہائی پیچیدہ قانون ہے۔ تاجر اتنا پڑھا لکھا نہیں ہے کہ اتنی پیچیدہ اور ٹیکنیکل زبان سمجھ سکے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایف بی آر کو دیئے گئے پولیس کے اختیارات بھی واپس لیے جائیں اور ایف اے ٹی ایف سے جان چھڑا کر آزاد تجارت کرنے دی جائے۔

## لاہور چیمبر: خامس سعید بٹ "پیپر ٹریڈ اینڈ اپیما افیئرز" اور "ٹریفک پولیس لائزن" اسٹینڈنگ کمیٹی کے کنوینز نامزد



لاہور (پیپر بزنس نیوز) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں نعمان کبیر نے سابق سینئر وائس چیئرمین اپیما، لیڈر آف بزنس مین گروپ لاہور، خامس سعید بٹ کو لاہور چیمبر کی دو اسٹینڈنگ کمیٹیوں "پیپر ٹریڈ اینڈ اپیما افیئرز" اور "ایل سی سی آئی ٹریفک پولیس لائزن" کا کنوینر نامزد کیا ہے اور کہا گیا ہے کہ وہ 30 دنوں کے اندر 10 رکنی کمیٹی تشکیل دیں۔ صدر لاہور چیمبر میاں نعمان کبیر نے امید ظاہر کی ہے کہ خامس سعید بٹ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے موثر تجاویز دیں گے۔

## اسلم جیلانی اور باؤ بشیر کو مبارکباد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چیئرمین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون اور چاند ٹریڈرز کراچی ولاہور نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے فیڈریشن کی مینیجنگ کمیٹی کے لئے محمد اسلم جیلانی اور جنرل باڈی کے لئے باؤ محمد بشیر کی نامزدگی پر دونوں رہنماؤں کو مبارکباد دی ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ یہ حضرات پیپر مرچنٹس کے مسائل کو ملک کے اعلیٰ ترین ادارے میں اجاگر کریں گے اور تجارت وصنعت کے مسائل کے حل کے لئے تجاویز پیش کریں گے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# جعلی نوٹسز اور اختیارات کے غلط استعمال کی تحقیقات ہونی چاہیے، میاں ناصر حیات

کراچی (بزنس ڈیسک) ایف پی سی سی آئی کے صدر میاں ناصر حیات مگوں نے کہا ہے کہ بینک اکاؤنٹس تک رسائی کے لیے ایف بی آر حکام کی جانب سے جعلی اور غیر مجاز نوٹسز جاری کرنے اور اختیارات کے غلط استعمال کی تحقیقات کی جانی چاہیے، کیونکہ ایف بی آر کی طرف سے بیشتر معاملات میں اپنی اندرونی انکوائریاں زیادہ تر غیر فعال اور بے نتیجہ خیز رہتی ہیں، میاں ناصر مگوں نے ایف بی آر کی ٹیکس وصولی کی مشینری کے ذریعے بدعنوانی اور ہراساں کرنے کے خاتمے کے لیے وفاقی ٹیکس محتسب پاکستان کے دفتر کی کوششوں کو سراہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ FTO نے کاروباری برادری اور ان کے بینکوں کو ان کے بینک کی تفصیلات، لین دین اور بیلنس تک غیر قانونی طور پر رسائی حاصل کرنے کے لیے جعلی، ناجائز اور فرضی نوٹس جاری کرنے کے ذمہ دار ایف بی آر کے ہتھکنڈوں کی درست نشاندہی کی ہے۔ میاں ناصر حیات مگوں نے کہا کہ ایف بی آر کا یہ عمل انکم آرڈیننس 2001 کے سیکشن 176 کا غیر قانونی اور قابل اعتراض استعمال ہے اور وہ اسے پاکستان کی معاشی ترقی کے خلاف ایک سازش سمجھتے ہیں۔ چھوٹے اور درمیانی درجے کے کاروباری ادارے (SMEs) خاص طور پر حکام کی طرف سے اس قسم کی بدسلوکی کا زیادہ شکار ہیں؛ کیونکہ وہ مہنگے وکلاء کی خدمات حاصل نہیں کر سکتے اور غیر منصفانہ نوٹسز کو متعلقہ قانونی فورمز پر چیلنج کرنے میں اپنا وقت بھی ضائع نہیں کر سکتے۔ میاں ناصر حیات مگوں نے کہا کہ انہیں اس حوالے سے وفاقی ٹیکس محتسب کی جانب سے بلا خوف وخطر، بلا مداخلت اور بغیر کسی ذاتی مفاد کے کیے جانے والے احتساب پر خوشگوار حیرت ہے۔

## 9 بینکوں پر سائبر حملے اور ڈیٹا چوری کی بات درست نہیں، اسٹیٹ بینک

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے صارفین اور عوام کو پیغام دیا ہے کہ پاکستان کا بینکنگ سسٹم محفوظ ہے اور کسی دوسرے بینک پر سائبر حملے کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ نیشنل بینک کے نظام پر سائبر حملے کے بعد ملک میں افواہوں کا بازار گرم ہوگیا، سوشل میڈیا پر پاکستان کے مالیاتی شعبہ پر بڑے سائبر حملے کی غلط اطلاعات گردش کرنے لگیں جن میں کسٹمر کا ڈیٹا چوری ہونے اور رقوم کے نقصانات کے دعوے کیے جانے لگے تاہم اسٹیٹ بینک نے اس کی تردید کی ہے۔ اسٹیٹ بینک نے صارفین اور عوام کو پیغام دیا ہے کہ پاکستان کا بینکنگ سسٹم محفوظ ہے اور کسی دوسرے بینک پر سائبر حملے کی کوئی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ اسٹیٹ بینک نے اپنے آفیشل ٹویٹر کے ذریعے کہا ہے کہ 9 بینکوں پر سائبر حملے اور ڈیٹا سمیت رقوم کے نقصان کی اطلاعات غلط ہیں اور اس حوالے سے اسٹیٹ بینک کے ترجمان سے منسوب کر کے پھیلایا جانے والا پیغام جعلی ہے۔ اسٹیٹ بینک نے کہا ہے کہ ملک میں نیشنل بینک آف پاکستان کے سوا کسی بینک پر سائبر حملے کی اطلاع نہیں ملی، اسٹیٹ بینک ان اطلاعات کی تردید کرتا ہے جن میں 9 بینکوں پر سائبر حملے، مالیاتی اور ڈیٹا کی چوری کا دعویٰ کیا جا رہا ہے، اسٹیٹ بینک صورتحال کو مانیٹر کر رہا ہے اور کوئی بھی اطلاع اسٹیٹ بینک کے آفیشل ابلاغی ذرائع سے ہی نشر کی جائے گی۔

## ڈیٹا کبھی بھی ہیک نہیں ہوا، میزان بینک کی وضاحت

کراچی (نیوز ڈیسک) میزان بینک نے اپنے وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ میزان بینک کا ڈیٹا کبھی بھی ہیک نہیں ہوا متعدد اخبارات میں شائع ہونے والی خبر میں کہا گیا تھا کہ میزان بینک اور ایک نجی بینک کا ڈیٹا ہیک کر لیا گیا تھا لیکن صارفین سے کہا گیا کہ وہ فوری طور پر اپنا پن کوڈ تبدیل کر لیں جس سے نقصان کو کم کیا گیا۔ میزان بینک نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ اکتوبر 2018 میں جب کچھ پاکستانی بینکوں پر سائبر حملوں کی خبر آئی تو میزان بینک نے صرف پیشگی احتیاطی اقدام کے طور پر اپنے صارفین سے پن کوڈ تبدیل کرنے کا کہا تھا۔ میزان بینک کے پاس تمام مطلوبہ حفاظتی اقدامات کے ساتھ ہفتے کے ساتوں دن 24 گھنٹے نگرانی کا مؤثر انتظام ہے تاکہ صارفین کے ڈیٹا کو محفوظ اور اس کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔

## ڈیٹا سرورز پر سائبر حملے کے بعد آئی ٹی سسٹم بحال، نیشنل بینک

کراچی (بزنس ڈیسک) نیشنل بینک آف پاکستان کے ڈیٹا سرورز پر سائبر حملے کے بعد آئی ٹی سسٹم بحال ہوگیا۔ نیشنل بینک کے اعلامیے کے مطابق بینک صارفین کا ڈیٹا محفوظ ہے۔ بینک نے بتایا کہ صارفین کو بینکنگ خدمات بشمول اے ٹی ایم، تنخواہوں اور پینشن کی ادائیگیاں کی جا رہی ہیں۔ واضح رہے کہ بینک عملے نے 29 اکتوبر کی رات اور 30 اکتوبر کی صبح بینک کے ڈیٹا سینٹر پر سائبر اٹیک کے بعد نیشنل بینک کے سرورز صارفین کے لیے منقطع کر دیے تھے۔ این بی پی اعلامیے کے مطابق حملے کے توڑ کے لیے عالمی ماہرین اور وسائل کے ذریعے 48 گھنٹوں کی مسلسل کوششوں کے بعد صورتحال کو قابو کر لیا ہے۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ بینک صارفین کا ڈیٹا محفوظ ہے اور بینک کا سسٹم آئندہ چند روز میں مکمل طور پر بحال ہو جائے گا۔

## چمن سرحد کھول دی گئی، تجارتی سرگرمیاں 24 گھنٹے بحال

چمن (بزنس ڈیسک) چمن میں پاک افغان بارڈر پر باب دوستی کو 28 روزہ بندش کے بعد کھول دیا گیا، تجارتی سرگرمیاں 24 گھنٹے بحال ہوگئیں۔ منگل کی صبح 8 بجے دوطرفہ تجارت اور پیدل آمدورفت بحال کر دی گئی۔ تاہم پہلے دن بہت کم مال بردار ٹرک روانہ کیے جا سکے۔ حکام کا کہنا تھا کہ پہلے مرحلے میں افغانستان میں پھنسے خالی پاکستانی کنٹینرز پاکستان داخل ہوئے۔ البتہ پھلوں کے ٹرک بھی پاکستان آئے، جبکہ پاکستان سے افغان ٹرانزٹ کے ٹرک کم اور تازہ پھل سبزیوں کے ٹرک زیادہ تعداد میں افغانستان میں داخل ہوگئے۔ طے شدہ پالسی کیمطابق بارڈر ٹریڈ آپریشن پہلے مرحلے میں 24 گھنٹے آپریشنل نہیں کیا جا سکا۔ اس کے لئے میکینزم تیاری کے مراحل میں ہے۔

## بند پرائز بانڈرز کی واپسی کیلئے 31 دسمبر 2021 تک تاریخ میں توسیع

سرگودھا (نیوز ڈیسک) حکومت پاکستان نے بند پرائز بانڈرز کی واپسی کیلئے 31 دسمبر 2021 تک تاریخ میں توسیع کر دی۔ ذرائع کے مطابق حکومت پاکستان نے ملک سے 40 ہزار روپے، 25 ہزار روپے، 15 ہزار روپے اور ساڑھے سات ہزار روپے کے پرائز بانڈ (بیئرز) کی فروخت کا سلسلہ بند کر رکھا ہے جس کے تحت اب ان بانڈز کی واپسی کے لئے آخری تاریخ 31 دسمبر 2021 مقرر کر دی ہے جس کی توسیع کا اعلان کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ مقررہ تاریخ واپسی کے تاریخ کو مزید آگے نہیں بڑھایا جائیگا۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بنئے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے انتخابات

برائے سال 2022 کے لئے

آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے

**جناب محمد اسلم جیلانی،** (سابق سینئر وائس چیئر مین اپیما) کو سدرن زون سے



رکن **"مینیجنگ کمیٹی"**

اور

**جناب بائو محمد بشیر،** (سابق سینئر وائس چیئر مین اپیما) کو ناردرن زون سے



رکن **"جنرل باڈی"** نامزد ہونے پر دل کی گہرائیوں سے

**مبارکباد** دیتے ہیں۔

امید کرتے ہیں کہ یہ دونوں ایف پی سی سی آئی کے ذریعے تاجر برادری کے مسائل کے حل کے لئے موثر تجاویز دیں گے،

ہم ان کی مزید کامیابی کے لئے دعا گوں ہیں۔

منجانب: محمد سلیم بیکیا، سابق چیئر مین، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن،

چیئر مین بزنس مین پینل، آل پاکستان پیپر مرچنٹس


FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM ISO 9001:2015 CERTIFIED

International Business Management

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.

UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725



ہم آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے

# جناب بائو محمد بشیر،

(سابق سینئر وائس چیئرمین اپپما) کو ناردرن زون سے

رکن **"جنرل باڈی"** اور

# جناب محمد اسلم جیلانی، (سابق سینئر وائس چیئرمین اپپما)



کو سدرن زون سے رکن **"مینیجنگ کمیٹی"**

برائے سال 2022 کے لئے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے انتخابات

میں نامزد ہونے پر دلی **مبارکباد** پیش کرتے ہیں۔

ہمیں امید ہے کہ یہ دونوں تاجر برادری کے مسائل کے حل کے لئے اپنی آواز، اپنے تجربے اور موثر تجاویز کے ذریعے حکام بالا تک پہنچائیں گے، ہم ان کی کامیابی کے لئے دعا گوں ہیں۔

## منجانب: ناردرن زون


## ALL PAKISTAN PAPER MERCHANTS ASSOCIATION

Northern Zone: Address: Room No. 219-220, Zulqarnain Chamber, Shahrah-e-Millat, Lahore-54000

Phone:(+92-42) 37248180 Fax: (+92-42) 37213363

Email: appmapk@gmail.com, info@appma.com.pk





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# برسراقتدار بزنس مین پینل گروپ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکا ہے، زبیر طفیل

کراچی (نیوز ڈیسک)یونائیٹڈ بزنس گروپ کے صدر زبیر طفیل نے کہا ہے کہ ایف پی سی سی آئی میں برسراقتدار بزنس مین پینل گروپ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو چکا ہے اور 30 دسمبر کے فیڈریشن چیمبر الیکشن برائے 2022 میں اپنی متوقع شکست دیکھ کر بوکھلا رہا ہے اور یو بی جی پر بزنس مین پینل کے رہنماؤں کی بہتان تراشیاں فیڈریشن چیمبر کے انتخابات میں انکی متوقع شکست کا ماتم ہیں انہوں نے ان خیالات کا اظہار یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے رہنماؤں کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا جو ایف پی سی سی آئی الیکشن کیلئے انتخابی حکمت عملی پر غور کیلئے بلایا گیا تھا۔ اجلاس میں یو بی جی سندھ ریجن کے چیئرمین خالد تواب ،مرکزی ترجمان گلزار فیروز،سیکریٹری اطلاعات ڈاکٹر اختیار بیگ،ایف پی سی سی آئی کی جانب سے سینئر نائب صدر محمد حنیف گوہر،سابق نائب صدر طارق حلیم ،شیخ شکیل احمد ڈھینگڑا اور دیگر موجود تھے۔ زبیر طفیل نے کہا کہ بزنس مین پینل کے دھاندلی سے اقتدار پر قابض افراد کا ٹولہ ایک بار پھر بزنس کمیونٹی کو بہلانے کی کوششوں میں مصروف ہے مگر رواں سال کی اپنی بدترین کارکردگی کے سبب جس طرح سے قابض افراد نے فیڈریشن چیمبر آف کامرس کو تباہ کیا ہے اب پاکستان کی کاروباری برادری کے نمائندے انہیں مزید تباہی پھیلانے نہیں دیں گے اور آئندہ الیکشن میں انہیں شکست کے داغ کے ساتھ گھروں کو روانہ کریں گے۔ اجلاس میں خالد تواب نے کہا کہ پاکستان کی کاروباری برادری ایک بار پھر یو بی جی کے لیڈران ایس ایم منیر، افتخار علی ملک، زبیر طفیل، ظفر بختاوری، میاں محمد ادریس اور دیگر قائدین کی قیادت میں متحد ہو ہے، فیڈریشن میں برسراقتدار موجودہ بزنس مین پینل کی قیادت نے اپنی نااہلی سے ایف پی سی سی آئی جیسے باوقار ادارے کو پستی کی جانب دھکیل دیا ہے مگر 30 دسمبر 2021 کو بزنس کمیونٹی بزنس مین پینل کی نااہل قیادت اور انکے امیدواروں کو دوبارہ گروپ سونپنے کیلئے تیار نہیں ہے، 30 دسمبر فیڈریشن ہاؤس میں یو بی جی کی ایک بار پھر فتح کا دن ہوگا۔ طارق حلیم نے کہا کہ یو بی جی کے ذریعہ ایف پی سی سی آئی کو مضبوط پلرز پر کھڑا کیا لیکن ڈیڑھ سال سے فیڈریشن کی قیادت ناعاقبت اندیشوں کے ہاتھ میں ہے جو بزنس کمیونٹی کو مایوسیوں کے سوا کچھ اور نہ دے سکی لیکن اب 30 دسمبر کو فیڈریشن الیکشن میں کامیابی یونائیٹڈ بزنس گروپ کی ملک سے محبت کرنے والی ٹیم کے قدم چومے گی۔ ڈاکٹر اختیار بیگ نے کہا کہ فیڈریشن چیمبر الیکشن میں کامیابی کے بعد ہم ملکی معیشت کی بہتری کے لئے حکومت کو مثبت تجاویز دیں گے اور ہم دوبارہ اقتدار میں آ کر بزنس کمیونٹی کے بہتر مفاد میں مزید اقدامات کرینگے۔

## خالد تواب کی فیڈریشن انتخابات میں الیکٹرونک ووٹنگ کی حمایت

کراچی (نیوز ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز (ایف پی سی سی آئی) کے سابق سینئر نائب صدر اور فیڈریشن کے الیکشن 2021 میں دھاندلی سے متاثر خالد تواب نے وزارت تجارت کی جانب سے ایف پی سی سی آئی کے انتخاب میں الیکٹرونک ووٹنگ کی تجویز کی بھرپور حمایت کی ہے اور اسے خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ الیکٹرونک ووٹنگ سے شفاف انتخابات یقینی اور دھاندلی کا راستہ روکا جاسکتا ہے۔ الیکٹرونک ووٹنگ نظام کے فوائد بتاتے ہوئے خالد تواب کا کہنا تھا کہ اس نظام سے فیڈیشن کے الیکشن 2021 میں ووٹ ڈالنے اور گنتی میں کی گئی۔ ہیرا پھیری کو آئندہ کے لیے مکمل طور پر ختم کیا جاسکتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ فیڈیشن کے الیکشن 2021 میں دھاندلی کا وہ خود متاثر ہے اور اس دھاندلی کے خلاف اس کا کیس ایک سال سے زیرالتوا ہے اور وہ تاحال انصاف سے محروم ہے۔ خالد تواب نے کہا کہ الیکٹرونک ووٹنگ ٹیکنالوجی کے ذریعے تیز ترین ووٹنگ، ووٹنگ ٹرن آؤٹ میں اضافہ، بیلٹس پیپرز کی تیز ترین کاؤنٹنگ اور دور دراز کے ووٹرز سمیت معذور ووٹرز کو سہولت کی فراہمی یقینی بنائی جاسکتی ہے۔ اس نظام سے غیر ضروری ٹریولنگ ختم ہونے سے الیکشن لاگت میں کمی بھی لائی جاسکتی ہے۔ اس کے علاوہ انتخابی نتائج کا فوری اعلان بھی ہو سکے گا۔

# فیڈریشن انتخابات: ایسوسی ایشنز اور چیمبرز کی بزنس مین پینل کی حمایت

لاہور (نیوز ڈیسک) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس کی انتخابی مہم میں ملک بھر کی ایسوسی ایشنز اور چیمبرز کی جانب سے بزنس مین پینل کی حمایت کا سلسلہ جاری۔ وفاقی چیمبر کے انتخابات میں پروگریسو گروپ لاہور چیمبر آف کامرس کی قیادت اور پاکستان بزنس فورم کی قیادت کی مسلسل کاوشوں کی بدولت ٹریول ایجنٹس ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹو کمیٹی و جنرل باڈی ممبران سمیت دیگر تین تنظیموں کے ٹوٹل چھ ووٹرز نے بزنس مین پینل کی بھرپور حمایت اور ووٹ دیکر بزنس مین پینل کو کامیاب کروانے کا اعلان کیا۔ تقریب کے موقع پر بزنس مین پینل کے چیئرمین میاں انجم نثار۔ صدارتی امیدوار عرفان اقبال شیخ سمیت بزنس مین پینل کی دیگر قیادت موجود تھی جبکہ تقریب میں پاکستان بزنس فورم کے صدر اعجاز تنویر، پروگریسو گروپ کے صدر خالد عثمان۔ سینئر رہنما عبدالودود علوی۔ سینئر رہنما اعجاز تنویر۔ علی عمران۔ محسن بشیر سمیت پروگریسو گروپ اور پاکستان بزنس فورم کے دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔ تقریب کے موقع پر بزنس مین پینل کے چیئرمین میاں انجم نثار اور صدارتی امیدوار عرفان اقبال شیخ کی جانب سے پاکستان بزنس فورم اور پروگریسو گروپ کی قیادت کی مسلسل کوششوں سے ووٹرز کی حمایت کروانے پر شکریہ ادا کیا گیا۔ پروگریسو گروپ لاہور چیمبر آف کامرس و پاکستان بزنس فورم کی قیادت وفاقی چیمبر کے انتخابی مہم کو عملی طور پر روزانہ کی بنیاد پر چلانے کیلئے سرگرم عمل ہے پاکستان بزنس فورم اور پروگریسو گروپ کی قیادت نا صرف پنجاب بلکہ خیبر پختونخواہ۔ سندھ اور بلوچستان میں بھی وفاقی چیمبر کے انتخابات کی بزنس مین پینل کی موثر انتخابی کمپین چلانے کیلئے سرگرم عمل ہیں۔

# انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں روپے کے مقابلے ڈالر سستا

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک اور مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں منگل 2 نومبر 2021 کو روپے کے مقابلے ڈالر مزید سستا ہو گیا جس کی وجہ سے روپے کی قدر میں اضافہ ہوا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کی رپورٹ کے مطابق منگل 2 نومبر کو انٹر بینک میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قدر میں 80 پیسے کی کمی واقع ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 171 روپے سے گھٹ کر 170.10 روپے اور قیمت فروخت 171.10 روپے سے گھٹ کر 170.30 روپے ہو گئی اسی طرح مقامی اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں 70 پیسے کی کمی واقع ہوئی جس سے ڈالر کی قیمت خرید 171.20 روپے سے کم ہو کر 170.50 روپے اور قیمت فروخت 171.70 روپے سے کم ہو کر 171 روپے ہو گئی۔ فاریکس رپورٹ کے مطابق یورو کی قیمت خرید 196 روپے اور قیمت فروخت 198 روپے پر بدستور برقرار رہی جبکہ 1 روپے کی کمی سے برطانوی پونڈ کی قیمت خرید 232 روپے سے کم ہو کر 231 روپے اور قیمت فروخت 235 روپے سے کم ہو کر 234 روپے ہو گئی۔ بدھ 2 نومبر کو ڈالر 170 روپے سے کم پر ٹریڈ ہوا۔

توجہ فرمائیں.....!
ہفت روزہ ''پیپر بزنس'' میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کیے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking **IBM: 111-426-725**

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE LINE OF PROFESSSIONALISM

IK Signature

**Premium Performance Paper.**


Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.
With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY




پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

ISO 9001: 2015
Certified Quality Management System

International Business Management
First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA

**Brands**

## Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management

ISO 9001:2015 CERTIFIED


HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.

UAN : 111-IBM PAK

Tel : +92-2132627061-63

Fax : +92-2132629786

Email : saleem.bikiya@ibmpak.com

Web : ibmpakistan.com


Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# مقامی ڈپلیکس بورڈ، کاربن لیس، آرٹ کارڈ و پیپر، آفسیٹ آئی کے اور اسٹیکر کی قیمتوں میں اضافہ

## فوٹو کاپی اور بلیچ بورڈ کی قیمتوں میں کمی، ریٹیل مارکیٹ میں لیٹر ہیڈ پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ، پرائس سروے رپورٹ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی مزید تیزی کا رجحان دیکھنے میں آیا اور 3 نومبر 2021 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں اسٹیکر پیپر کے مختلف برانڈز، کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو، امپریشن اسٹار، امپریشن ڈاٹ، آفسیٹ ریل کٹ، آفسیٹ آئی کے، آرٹ پیپر او جے آئی، مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ ایگل، ہاک برانڈ، لاثانی نیچرل، میگا ٹاپ، کلاسک اور انر جی، پنڈو کارڈ، ایووری کارڈ، بریف کارڈ اور کلر بریف کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز، آرٹ پیپر نیو یا، درآمدی بلیچ بورڈ میں کمی دیکھی گئی۔ مقامی بلیچ بورڈ ایلیگنٹ سنچری کی قیمتوں میں بھی اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو رد و بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئن پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 287 روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 320 روپے سے کم ہو کر 318 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ اندونیشیا تمام سائز تمام گرام، 255 روپے سے بڑھ کر 275 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کلر بریف کارڈ جنگکار برانڈ پنڈو ڈیلی 21x27 سائز 120 گرام، 22x28 سائز 150 گرام، 22x28 سائز 180 گرام، 250 روپے سے بڑھ کر 275 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایووری کارڈ انڈونیشیا تمام سائز 120 اور 150 گرام، 245 روپے سے بڑھ کر 270 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 276 روپے سے کم ہو کر 275 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80۔ 90۔ 100۔ 105۔ 113۔ 128 اور 150 گرام، 276 روپے سے کم ہو کر 275 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 268 روپے سے بڑھ کر 278 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن پنڈو 2000 انڈونیشیا، 17x24 سائز 2300 روپے سے بڑھ کر 2325 روپے، 18x23 سائز 2400 روپے سے بڑھ کر 2425 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز، 4100 روپے سے بڑھ کر 4200 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ امپریشن ڈاٹ چائنا 24x34 سائز، 4100 روپے سے بڑھ کر 4200 روپے فی ریم ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ ایگل تمام سائز 55/68 گرام، 116 روپے سے بڑھ کر 119 روپ فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ ہاک برانڈ تمام سائز تمام گرام، 96 روپے سے بڑھ کر 114 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 108 روپے سے بڑھ کر 114 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 100 روپے سے بڑھ کر 104 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 250 تا 300 گرام، 126 روپے سے بڑھ کر 132 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انر جی سنر جی مل تمام سائز 250 گرام، 148 روپے سے بڑھ کر 163 روپے، تمام سائز 290 گرام، 146 روپے سے بڑھ کر 161 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 294 روپے سے کم ہو کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ تمام سائز تمام گرام 291 روپے سے کم ہو کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 8 28 روپے سے بڑھ کر 289 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی بلیچ بورڈ، ایلیگنٹ سنچری کی 215 گرام کی ریلز اور شیٹس 290 روپے سے بڑھ کر 308 روپے فی کلو ہوگئیں ہیں۔ کرافٹ پیپر چائنا، 26x33 سائز، 28 گرام، 2450 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے ہوگیا ہے۔ آفسیٹ پیپر آئی کی 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 250 روپے سے بڑھ کر 255 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 245 روپے سے بڑھ کر 250 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 650 روپے سے کم ہو کر 635 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 670 روپے سے بڑھ کر 680 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 650 روپے سے کم ہو کر 640 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 740 روپے سے کم ہو کر 700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 670 روپے سے کم ہو کر 650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ۔70 گرام، 690 روپے سے کم ہو کر 680 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A ۔13 .5۔ 70 گرام، 720 روپے سے کم ہو کر 700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ سگنیچر 80 گرام، 790 روپے سے کم ہو کر 770 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 625 روپے سے کم ہو کر 620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ویریٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز الٹرا 3500 روپے سے بڑھ کر 3650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر AQNA انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2800 روپے سے بڑھ کر 2900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک GSF انڈونیشیا، 20x30 سائز، 2675 روپے سے کم ہو کر 2600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 2550 روپے سے بڑھ کر 2650 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ایف بی آر کا اینٹی اسمگلنگ کی کارروائیوں میں حصہ لینے والوں کو کیش انعام کی تجویز

کراچی (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے لئے اسمگلنگ میں ضبط کئے جانے والے سامان پر کیش انعام دینے کی تجویز دی ہے۔اس کے لئے ایف بی آر نے ایس آر او 2021(I)1398 جاری کیا ہے جس کے تحت کسٹمز ریوارڈ رولز 2021 میں ترمیم کی تجویز دی گئی ہے۔ایف بی آر کے مطابق قانون نافذ کرنے والے ادارے جو کہ کسٹمز افسران کے شانہ بشانہ اسمگلنگ کی روک تھام میں پیش پیش ہیں، ان کے لئے بھی کیش انعام ہونا چاہئے۔موجودہ قانون کے مطابق کسٹمز حکام اور انفار مر اس نقد انعام کے مستحق ہیں۔ایف بی آر نے تجویز دی ہے کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوانوں کو بھی اسمگلنگ کے سامان کی ضبطگی میں کیش انعام کے لئے شامل کیا جانا چاہئے۔ ایف بی آر کے مطابق ان جوانوں کا اینٹی اسمگلنگ کی کارروائیوں میں اہم کردار ہے۔قانون کے مطابق اگر ڈیوٹی اور ٹیکسز کی چوری میں پانچ لاکھ سے زائد کی رقم موصول کی جاتی ہے تو اس پر کیش انعام 20 فیصد ہے۔اسی طرح اگر ڈیوٹی اور ٹیکسز کی وصولی 5 لاکھ سے 10 لاکھ کے درمیان ہے تو انعامی رقم ایک لاکھ اور ڈیوٹی اور ٹیکسز کا دس فیصد ہے جو کہ 5 لاکھ کی رقم سے زائد پر ہوگا۔اگر ڈیوٹی اور ٹیکسز کی وصولی 10 لاکھ سے زائد ہے تو ایک لاکھ 50 ہزار کی رقم اور 10 لاکھ سے زائد کی رقم پر 5 فیصد کی شرح سے کیش انعام دیا جاتا ہے۔

## عالمی بینک کا پاکستان کی درآمدات میں اضافہ پر تشویش کا اظہار

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) عالمی بینک نے پاکستان کی درآمدات میں اضافہ پر تشویش کا اظہار کردیا۔ عالمی بینک کے مطابق درآمدات میں برآمدات کے مقابلے میں زیادہ اضافہ ہوا، پاکستان کو نجی سرمایہ کاری اور برآمدات میں اضافہ کرنا ہوگا۔ عالمی بینک نے کہا کہ برآمدات میں اضافہ کیلئے طویل المدتی ٹیرف ریشنلائزیشن کی ضرورت ہے، عالمی بینک نے کہا کہ مالی سال 2021 میں پاکستان کی معیشت بحالی ہوئی، کورونا کے دوران اسمارٹ لاک ڈاؤن حکمت عملی کے ذریعے وباء کے اثرات کو کم کیا گیا۔عالمی بینک نے کہا کہ سال 2021 میں پاکستان کی شرح نمو 3.5 فیصد رہی، سال 2020 میں کورونا وباء کے باعث شرح نمو 0.5 فیصد تک سکڑ گئی تھی، سال 2021 میں مالیاتی خسارہ 7.3 فیصد تک بہتر ہوا۔

## ایکسل لوڈ پر عدالتی احکامات پر عملدرآمد کیلئے آخری حد تک جائیں گے' گڈز ٹرانسپورٹرز

لاہور (نیوز ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما نعیم احمد شاہ نے کہا ہے کہ عدالتی احکامات پر عملدرآمد کیلئے آخری حد تک جائیں گے، اوررلوڈنگ کے ناسور کو ختم اور ایکسل لوڈ قانون پر مکمل عملدرآمد کو اعلی حکام فی الفور یقینی بنائیں، حکومتی اداروں کا ایکسل لوڈ قانون پر جزوی عملدرآمد قانون کیساتھ بھونڈا مذاق ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے محمد اظہر قادری، حاجی محمد عارف، حاجی اظہر سراج، چوہدری گل شیر وڑائچ، میاں طاہر محمود، میاں طیب یونس، میاں محسن یونس، میاں عامر مشتاق، میاں سرمد نوید، میاں عامر اکرام، عبدالرحمان وٹو و دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ایکسل لوڈ قانون پر جزوی نہیں مکمل عملدرآمد کرایا جائے، عدالتی حکم پر حکومت ایکسل لوڈ قانون پر مکمل عملدرآمد کروانے میں غیر سنجیدگی کا مظاہرہ کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اوورلوڈ ڈ ٹرک ٹرالر قانون کی آنکھوں میں دھول جھونک کر قانون کا مزاق اڑاتے ہوئے آج بھی قومی شاہراہوں پر رواں دواں ہیں لا انفورسمنٹ ادارے لاقانونیت کو ختم کرنے میں ناکام کیوں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارا کوئی مطالبہ غیر قانونی اور غیر آئینی نہیں ہے بلکہ حکومت اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داری پوری نہیں کررہی جو حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔

## نائیجیریا میں دوسری پاکستان تجارتی کانفرنس

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد کا کہنا ہے کہ دوسری پاکستان افریقہ تجارتی کانفرنس نائیجیریا میں ہوگی، وزارت تجارت متنوع اور جیوگرافک برآمدات کے لیے کوشاں ہے۔تفصیلات کے مطابق مشیر تجارت عبد الرزاق داؤد کا کہنا ہے کہ دوسری پاکستان افریقہ تجارتی کانفرنس نائیجیریا میں ہوگی، تجارتی کانفرنس 23 نومبر سے 25 نومبر تک لے گوس میں ہوگی۔مشیر تجارت کا کہنا ہے کہ پاکستان سے 100 سے زائد کمپنیاں تجارتی کانفرنس میں شرکت کریں گی۔

## ایساف کنٹینرز کلیئرنس، کسٹم افسران کی سروس ٹریبونل فیصلے کیخلاف اپیل مسترد

کراچی (نیوز ڈیسک) سپریم کورٹ نے 2010 میں ایساف کے نام پر کنٹینرز کلیئر کرنے پر برطرف کسٹم افسران کی سروس ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف اپیل مسترد کردی، چیف جسٹس گلزار احمد کی سربراہی میں تین رکنی بینچ کے روبرو 2010 میں ایساف کے نام پر کنٹینرز کلیئر کرنے والے برطرف کسٹم افسران کی اپیل کی سماعت ہوئی، جسٹس اعجاز الاحسن نے ریمارکس دیئے آپ نے افغان قونصلیٹ کے نام پر کیسے کلیئرنس دے دی، کرپشن کرنے والے سب کسٹم افسران ہی تھے، کوئی باہر سے تو نہیں آیا، بہتی گنگا میں سب نے ہاتھ دھویا ہے، کسٹم حکام نے بتایا کہ نعمت اللہ علوی اور امین فاروقی نے ایساف کنٹینرز کو غیر قانونی طور پر کلیئرنس دی، سپریم کورٹ نے سروس ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف اپیل مسترد کردی، کسٹم افسران کی ملازمت سے برطرفی کے خلاف سروس ٹریبونل نے بھی درخواست مسترد کردی تھی۔


**FAIR TRADE** (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bullehshah (Packages) | Bleached Board |
| Crown (Fazal Paper) | Duplex Board |

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## اسلام آباد پولیس کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/2021-22

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: آفس پروجیکٹ ڈائریکٹر (CMU)، ہیڈ کوارٹرز، H-11، اسلام آباد۔

فون: 051-9258371 EXT:170

## ڈی جی تعلقات عامہ کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: U.O.No.PR(E)2021/258

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: فنانس منیجر، 21۔محمود غزنوی (ایبٹ روڈ)، نزد پی ٹی وی اسٹیشن، لاہور۔

فون: 042-9920139

## پبلک ورکس ڈپارٹمنٹ کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: ایگزیکٹو انجینئر بلڈنگ ڈویژن، گلگت بلتستان۔

فون: 05811-920311

## بورڈ آف انٹرمیڈیٹ کا پیپرز کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/2021-22

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: اسسٹنٹ سیکریٹری (پرچیز اینڈ اسٹورز)، H-8/4، اسلام آباد۔

فون: 051-9269502

## ڈی جی انٹیلی جنس کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 16 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر آفس، تیسری منزل، امیگریشن ٹاور، ماؤ ایریا، G-8/1، اسلام آباد۔

فون: 051-9260247

## گورنمنٹ کالج آف ٹیکنالوجی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: پرنسپل آفس، بہاولپور۔

فون: 062-9250021-22

## کنٹونمنٹ بورڈ کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 748/6/262

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 11 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: آفس اسٹور برانچ، جہلم کینٹ۔

فون: 0544-9270026

## کلکٹر کسٹمز کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/GL-54/Stat/2021-22/1320

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: ڈپٹی کلکٹر (ہیڈ کوارٹر)، مغل پورہ ڈرائی پورٹ، لاہور۔

فون: 042-99223076

## ایمرجنسی سروس ڈپارٹمنٹ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 02/21-22(PW)

پیپر اے فور سائز، 80 گرام، تعداد: 7174 ریم۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ونگ، 0.5KM، موٹروے سروس لین، ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور۔

## ڈائریکٹر جنرل آڈٹ کو پرنٹنگ خدمات درکار

سالانہ رپورٹس کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: پروکیورنگ آفس، ڈرائنگ اینڈ ڈسبرسنگ آفیسر، آڈٹ کمپلیکس، گراؤنڈ فلور، بخاری روڈ، لاہور۔

فون: 042-99210949

## ایف بی آر کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 18 نومبر 2021ء

برائے رابطہ: اکاؤنٹس برانچ، لارج ٹیکس پیئرز آفس، چھٹی منزل، ٹیکس ہاؤس، لاہور۔

فون: 042-99213818

# اسٹیٹ بینک نے چار بینکوں پر 465 ملین روپے جرمانہ عائد کردیا

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے چار بینکوں پر 465 ملین روپے جرمانہ عائد کردیا، بینکوں میں نیشنل بینک آف پاکستان، سلک بینک، یونائیٹڈ بینک اور انڈسٹریل چائنا بینک شامل ہیں۔تفصیلات کے مطابق اسٹیٹ بینک نے 4 بینکوں پر 465 ملین روپے جرمانہ عائد کردیا، 4 بینکوں میں نیشنل بینک آف پاکستان پر 280 ملین روپے، سلک بینک پر 132 ملین، یونائیٹڈ بینک پر 38.55 ملین، انڈسٹریل چائنا بینک پر 13.542 ملین روپے کا جرمانہ عائد کیا۔ اسٹیٹ بینک کا کہنا تھا کہ ریگولیٹری ہدایات کی خلاف ورزی پر اندرونی انکوائری ہونی چاہیے، مجرم اہلکاروں کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے۔ یاد رہے گذشتہ سال جولائی میں اسٹیٹ بینک نے قوانین کی خلاف ورزی پر تاریخ میں پہلی بار 15 کمرشل بینکوں پر بھاری جرمانے عائد کئے تھے۔مرکزی بینک کا کہنا تھا کہ جرمانے اینٹی منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی فنانسنگ سے متعلق بھی کیے گئے، 15 بینکوں پر قوانین کی خلاف ورزی پر 1 ارب 68 کروڑ روپے کے بھاری جرمانے کیے، بینکوں پر مارچ سے جون 2020 کے دوران جرمانے کئے گئے ہیں۔

# ایف بی آر: کسٹم وئیر ہاؤسنگ کی مدت 25 نومبر تک بڑھا دی گئی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) تجارتی آسانی کو مزید فروغ دینے اور کاروباری کمیونٹی کو ریلیف دینے کے لیے وفاقی حکومت نے وئیر ہاؤسنگ عرصہ کو بڑھا دیا ہے اور کسٹمز وئیر ہاؤسز میں متعین کردہ عرصہ سے زائد موجود نان کلیئرڈ اشیاء پر عائد سرچارج میں چھوٹ دے دی ہے۔اس سلسلے میں فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر ایس آر او 1399(I)/2021 بتاریخ 27 اکتوبر 2021 کے تحت متعین کردہ عرصہ سے زائد نان کلیئرڈ اشیاء پر عائد سرچارج معاف کر دیا ہے۔ یہ اقدام تجارت اور صنعت کو فروغ دینے کے لئے کیا گیا ہے اور اس اقدام کا مقصد ان کمرشل درآمد کنندگان کو سہولت دینا ہے جو ڈیوٹیز اور ٹیکسز کی ادائیگی کے بعد اپنی اشیاء کو وقت پر کلیئر نہیں کرواسکے۔ ایف بی آر نے وضاحت کی ہے کہ یہ سہولت نوٹیفکیشن کے اجراء کے بعد 30 ایام کے لیے 25 نومبر 2021 تک ہے۔

**توجہ فرمائیں.....!**

ہفت روزہ "پیپر بزنس" میں اشتہارات نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کیے جاتے ہیں، ادارہ کا ان کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پاکستان کے آئی ایم ایف سے معاملات طے پاگئے، شوکت ترین

